© rasailojaraid.com



اور مجلسوں میں سنے تھے۔ یہ ملفوظات کیا ہیں؟ ادبی، اخلاقی، معاشرتی، مذہبی اور نفسیاتی بلکہ سیاسی قسم کے بھی لطیف شذرات ہیں جن سے اقبال مرحوم کے مختلف ذہنی رجحانات اور ذوقی ووجدانی امیال و عواطف پر روشنی پڑتی ہے۔

**اسلام اور اشتراکیت** | ضخامت ۴۸ صفحات تقطیع خورد، کتابت طباعت بہتر۔ قیمت ۶ ر پتہ:۔ اقبال اکیڈمی ظفر منزل تاج پورہ - لاہور

اس مختصر سے رسالہ میں جس کے مصنف کا نام بھی درج نہیں کیا گیا ہے۔ اشتراکیت کی تعریف اس کی چند قسمیں، اشتراکیت کا مقصد، اس کا بنیادی تصور اور انقلاب روس کی مختصر تاریخ بیان کرنے کے بعد فلسفۂ تاریخ اور تاریخ کی روشنی میں اشتراکیت کے اصول اور اس کے بنیادی تصور پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے اور پھر یہ بتایا گیا ہے کہ سرمایہ داری کے مصائب کا علاج اشتراکیت نہیں بلکہ اسلام ہے زبان وبیان دلکش اور موثر ہے۔

**یہ دلی ہے** | از سید یوسف صاحب بخاری۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۹۲ صفحات قیمت مجلد دو روپیہ پتہ:۔ مکتبہ جہاں نما اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

دہلی مرحوم پر اردو زبان میں متعدد مفید اور پُر از معلومات کتابیں شائع ہو چکی ہیں، لیکن یہ کتاب اپنے بانکپن اور اچھوتے انداز کی وجہ سے سب سے نرالی ہے۔ اس میں لائق مصنف نے "خو بخاری" ہونے کے باوجود خود دہلوی ہیں اور دہلی کی پرانی تہذیب اور شہری روایات سے پوری طرح باخبر ہیں۔ دہلی کی پرانی سوسائٹی ان کے رہن سہن کے طور طریق، ان کے کھیل اور تفریحی مشاغل، شادی بیاہ کے رسوم، مختلف پیشے اور ان کی خصوصیات، دلی کی گلیاں اور خاص خاص محلے، ان سب چیزوں کو مختلف عنوانات کے ماتحت بڑے دلچسپ ودلآویز انداز اور خاص دلی کی بولی میں بیان کیا ہے۔ یوں تو اس کتاب کا ہر مضمون عبرت آموز نئے نئے محاوروں اور دلی کی ٹکسالی بولی کے خاص خاص لفظوں کی وجہ سے مفید اور پراز معلومات ہے لیکن آخری مضمون "دلی کی پتنگ بازی" تو نہایت ہی خوب، بیحد دلچسپ اور خاص پتنگ بازی کے سلسلہ کی جامع معلومات کے اعتبار سے بہت قابل قدر ہے۔ ہمارے نزدیک



© rasailojaraid.com